


Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़
روزنامہ
# عوامی نیوز
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں




Pages-12 ● 37 :شمارہ ● 12 :جلد ● KOLKATA ● Friday, 7th February 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● بمطابق ۸ رشعبان المعظم ۱۴۴۶ھ ● جمعہ، ۷ ر فروری ۲۰۲۵ء ● کلکتہ

## ڈھاکہ: مشتعل ہجوم کی آگ زنی
## بنگلہ دیش کے بانی شیخ مجیب الرحمٰن کا گھر منہدم



ڈھاکہ، 6فروری (آئی این ایس انڈیا): بنگلہ دیش میں سینکڑوں مشتعل مظاہرین نے ملک کے بانی شیخ مجیب الرحمان کا گھر نذرِ آتش کر دیا ہے جس کے بعد اب اسے بھاری مشینری کے ذریعے گرایا جا رہا ہے۔ دارالحکومت ڈھاکہ میں بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب مشتعل ہجوم نے شیخ حسینہ کے ایک آئن لائن خطاب کے بعد شیخ مجیب کے گھر دھاوا بولا، وہاں توڑ پھوڑ کی اور اسے آگ لگا دی۔ اس مکان کو دھان منڈی کا گھر نمبر 32 کہا جاتا ہے اور یہ وہی گھر ہے جہاں 1975 میں شیخ مجیب کو قتل کر دیا گیا تھا۔ بعد ازاں ان کی صاحبزادی شیخ حسینہ نے اسے میوزیم میں تبدیل کر دیا تھا۔ شیخ حسینہ نے اپنی جماعت عوامی لیگ کے حامیوں سے آڈیو لنک کے ذریعے خطاب میں کہا کہ بنگلہ دیش میں گزشتہ چھ ماہ میں جنگِ آزادی کی تاریخ کو مٹانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ان کے بقول ملک کے بانی شیخ مجیب الرحمان نے بنگلہ دیش کی آزادی کے بعد 1972 سے ڈھاکہ کے علاقے دھان منڈی میں اپنی رہائش گاہ سے ملک کا انتظام چلایا تھا۔ وہ کسی سرکاری عمارت میں نہیں رہتے تھے۔ آڈیو خطاب میں شیخ حسینہ نے کہا کہ ہم ذاتی طور پر کبھی بھی دھان منڈی کے گھر نمبر 32 میں نہیں رہے کیوں کہ اسے میوزیم بنا دیا گیا تھا۔ یہاں دنیا کے کئی سربراہِ مملکت آ چکے ہیں۔ اس گھر کو کیوں گرایا جا رہا ہے، اس گھر کا کیا جرم ہے؟ واضح رہے کہ شیخ حسینہ کے خطاب سے قبل ان کی سیاسی جماعت کے طلبہ ونگ 'چھاترا لیگ' نے اعلان کیا تھا کہ آج شیخ حسینہ آن لائن خطاب کریں گی۔ اس اعلان کے بعد ہی سوشل میڈیا پر دھان منڈی 32 کی جانب 'بلڈوزر جلوس' کے اعلانات سامنے آنے لگے

(باقی صفحہ 4 پر)

## کولکاتا واقع ہندوستانی فوج کے ہیڈکوارٹر فورٹ ولیم کا نام بدل کر 'وجے ڈرگ' ہوا، جارج گیٹ کا بھی نام تبدیل

کولکاتا، 6رفروری: مغربی بنگال کے کولکاتا میں موجود ہندوستانی فوج کی مشرقی کمان کے ہیڈکوارٹر کا نام بدل گیا ہے۔ اب اسے




'فورٹ ولیم' کی جگہ 'وجے ڈرگ' کہا جائے گا۔ صرف اس ہیڈکوارٹر کا ہی نام تبدیل نہیں ہوا ہے، بلکہ فورٹ ولیم کے اندر موجود کچھ دیگر تاریخی ڈھانچوں کے نام بھی تبدیل کر دیے گئے ہیں۔ ناموں میں ہوئی ان تبدیلیوں کی تصدیق وزارت دفاع مشرقی کمان کے چیف ریلیشنز افسر وِنگ کمانڈر ہمانشو تیواری نے کی ہے۔ ہمانشو تیواری نے جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ فورٹ ولیم کا نام بدل کر وجے ڈرگ کر دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی کچنر ہاؤس کا نام بدل کر مانکشا ہاؤس کر دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ساؤتھ گیٹ، جسے پہلے سینٹ جارج گیٹ کہا جاتا تھا، اس کا نام تبدیل کر

(باقی صفحہ 4 پر)

## منی پور کی بی جے پی حکومت پر بحران کے بادل!
## وزیر اعلیٰ اور کچھ وزراء دہلی پہنچے، گورنر بھی دہلی میں

امپھال، 6رفروری: تشدد متاثرہ منی پور میں بی جے پی حکومت پر بحران کے بادل منڈلاتے نظر آ رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ این بیرین سنگھ کی قیادت والی حکومت آنے والے دنوں میں مشکلات کا سامنا کر سکتی ہے۔ ایسا اس لیے محسوس ہو رہا ہے کیونکہ بیرین کابینہ کے کچھ وزراء اور اراکین اسمبلی وزیر اعلیٰ سے ناراض ہیں۔ تازہ ترین خبروں کے مطابق وزیر اعلیٰ این بیرین سنگھ اور کچھ وزراء دہلی پہنچ گئے ہیں۔ امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ وہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کر سکتے ہیں۔

ذرائع کے حوالے سے میڈیا میں جو خبریں سامنے آ رہی ہیں، اس میں بتایا جا رہا ہے کہ 7 اراکین اسمبلی اور 4 بی جے پی عہدیدار بھی وزیر اعلیٰ کی دہلی روانگی کے فوراً بعد 5 فروری کو ایک چارٹرڈ فلائٹ سے دہلی کی طرف روانہ ہو گئے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ منی پور کے گورنر اجے کمار بھلا بھی 5 فروری کو ہی دہلی روانہ ہوئے، لیکن یہ نہیں پتہ چل سکا ہے کہ گورنر کا یہ دہلی دورہ کیوں ہو رہا ہے۔

دہلی پہنچنے والوں میں 3 کابینہ وزراء تھونگم بسوجیت سنگھ،

(باقی صفحہ 4 پر)




## 'الیکشن کمیشن مر گیا ہے، اسے سفید کپڑا دینا پڑے گا'، اکھلیش یادو کا ملکی پور ضمنی انتخاب معاملے پر سخت تبصرہ

لکھنؤ، 6رفروری: یوپی کے سابق وزیر اعلیٰ اور سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو الیکشن کمیشن کے رویہ سے کافی ناراض ہیں۔ انہوں نے ملکی پور اسمبلی ضمنی انتخاب کو لے کر لگائے جا رہے الزامات پر کہا، "یہ بی جے پی کا انتخاب لڑنے کا طریقہ ہے۔ الیکشن کمیشن مر گیا ہے، سفید کپڑا انہیں بھینٹ کرنا پڑے گا۔" بدھ کو اکھلیش یادو نے دعویٰ کیا تھا کہ پولیس ووٹروں کے شناختی کارڈ کی جانچ کر رہی ہے۔ 'ایکس' پر اپنے ایک پوسٹ میں انہوں نے الیکشن کمیشن سے اس میں شامل لوگوں کو ہٹانے کے لیے کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔

اکھلیش یادو نے کہا، "الیکشن کمیشن کو اس خبر سے جڑی تصویروں کی فوری طور پر نوٹس لینی چاہیے کہ ایودھیا پولیس ملکی پور میں ووٹروں کے شناختی کارڈ کی جانچ کر رہی ہے، جس میں سینئر پولیس افسر بھی شامل ہیں۔ ووٹروں میں خوف

(باقی صفحہ 4 پر)

### دُنیا ریئل اسٹیٹ کا بزنس نہیں ہے
## فلسطینیوں کے غزہ سے انخلاء کے ٹرمپ منصوبے پر تنقید

ٹوکیو، 6فروری (آئی این ایس انڈیا): جاپان میں فلسطینی اتھارٹی کے سفیر ولید صیام نے امریکی صدر ٹرمپ کے فلسطینیوں کو غزہ سے نکال دینے کے منصوبے پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا یہ اچانک اعلان اس امر کا اظہار ہے کہ وہ قبضے کی جیت رکھتے ہیں اور فلسطینیوں کی سرزمین کو فلسطینیوں سے خالی کرا کے قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ ولید صیام نے کہا کہ ہم ٹرمپ کے اس بیان اور پالیسی کی مذمت کرتے ہیں۔ وہ دعویٰ کرتے تھے کہ وہ دنیا میں امن لانا چاہتے ہیں۔ مگر انہیں خبر ہونی چاہیے کہ لوگوں کو ان کے گھروں اور سرزمین سے بیدخل کر کے امن قائم نہیں ہو سکتا۔ فلسطینی سفیر نے کہا کہ، امریکی صدر کی خواہش ہے کہ وہ گرین لینڈ پر قبضہ کر لیں۔ کینیڈا کو امریکہ میں ضم کر لیں۔ پاناما نہر کو اپنے کنٹرول میں لے لیں اور اب انہوں نے غزہ پر بھی واضح لفظوں میں قبضہ کا ارادہ ظاہر کر دیا ہے۔ ٹرمپ آخری آدمی تھے جن سے دنیا امن کی توقع کر رہی تھی۔ لیکن ہمیں مایوسی ہوئی ہے۔ فلسطینی اتھارٹی کے سفیر نے ٹرمپ کے حوالے سے کہا کہ دنیا ریئل اسٹیٹ کا ایک ٹکڑا نہیں ہے کہ وہ جس طرف چاہیں

(باقی صفحہ 4 پر)

## بھگوڑے وجے مالیہ کی کرناٹک ہائی کورٹ میں عرضی، بینک کے ذریعہ قرض کی رقم سے زیادہ وصولی کر لیے جانے کا دعویٰ

6رفروری: بھگوڑے کاروباری وجیہ مالیہ نے کرناٹک ہائی کورٹ میں کنگ فشر ایئر لائنس کے خلاف چل رہے قرض وصولی عمل کو چیلنج کیا ہے۔ مالیہ نے دعویٰ کیا ہے کہ کنگ فشر ایئر لائنس پر تقریباً 6200 کروڑ کا قرض تھا لیکن بینک کے افسروں نے ابتدائی قرض کی رقم کے مقابلے میں کہیں زیادہ وصول کر لیا ہے۔

وجے مالیہ کے ذریعہ یہ عرضی پیر کو داخل کی گئی تھی جس پر جسٹس آر دیو داس کے ذریعہ بدھ کو مختصر سماعت کی گئی۔ وجے مالیہ کے لیے پیش ہوئے سینئر وکیل ساجن پوویا نے ہائی کورٹ کو بتایا کہ وہ کسی عبوری راحت کے لیے نہیں کہہ رہے ہیں، جب تک کہ متعلقہ فریقوں سے سماعت نہ ہو جائے۔ عدالت نے اس عرضی پر سماعت کرتے ہوئے 10 بینکوں، ایک وصولی افسر اور ایک اسیٹ

(باقی صفحہ 4 پر)



# امریکہ سے 104 ہندوستانیوں کی ملک بدری، جے شنکر کا پارلیمنٹ میں بیان، عمل کو جائز قرار دیا



نئی دہلی 6 ؍ فروری: امریکہ سے 104 ہندوستانیوں کی ملک بدری پر وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے پارلیمنٹ میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ غیر قانونی تارکین وطن کو ملک بدر (ڈی پورٹ) کرنے کا عمل کوئی نیا نہیں ہے، بلکہ یہ کئی سالوں سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ میں قومی سلامتی اور امیگریشن قوانین کے تحت یہ کارروائیاں معمول کے مطابق ہوتی ہیں اور ہندوستان بھی دیگر ممالک کی طرح اپنے غیر قانونی تارکین وطن کو واپس لینے کا پابند ہے۔

جے شنکر نے کہا کہ امریکہ میں غیر قانونی طور پر مقیم ہندوستانی شہری مشکل حالات میں تھے، اور انہیں واپس لانا ضروری تھا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈی پورٹیشن کا عمل 2012 سے رائج اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجر (ایس او پی) کے مطابق ہوتا ہے، جس کے تحت فلائٹ میں بیلٹ یا ہتھکڑی لگائی جاتی ہے لیکن خواتین اور بچوں کو اس سے مستثنیٰ رکھا جاتا ہے۔ دورانِ سفر، ٹوائلٹ جانے کے لیے انہیں ہتھکڑی کھول دی جاتی ہے۔ وزیر خارجہ نے اقوام متحدہ کی ایک اہم دستاویز کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر قانونی امیگریشن کی حوصلہ افزائی اور غیر قانونی ہجرت کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک بھیجے جانے والے افراد کو مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس لیے قانونی امیگریشن کو فروغ دینا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

جے شنکر نے مزید کہا کہ ہندوستانی حکومت امریکی حکام کے مسلسل رابطے میں ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ڈی پورٹ کیے گئے شہریوں کے ساتھ کسی بھی قسم کا غیر انسانی سلوک نہ ہو۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت غیر قانونی امیگریشن میں ملوث ایجنٹوں کے خلاف سخت کارروائی کے حق میں ہے تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کو روکا جا سکے۔

انہوں نے اعداد و شمار پیش کرتے ہوئے بتایا کہ 2009 سے ہر سال ہندوستانی شہریوں کو مختلف ممالک سے ڈی پورٹ کیا جاتا رہا ہے اور امریکہ بھی اپنے قوانین کے مطابق ایسا کرتا ہے۔ جے شنکر نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ ہندوستانی شہری قانونی طریقوں سے بیرون ملک جائیں اور غیر قانونی ہجرت سے بچیں۔

## ہنگامہ آرائی کے باعث لوک سبھا کی کارروائی دن بھر کے لیے ملتوی



نئی دہلی، 06 فروری (یو این آئی) امریکہ سے واپس آنے والے تارکین وطن کے مسئلہ پر آج لوک سبھا میں اپوزیشن اراکین نے زبردست ہنگامہ کیا جس کی وجہ سے ایوان کی کارروائی دن بھر کے لئے ملتوی کر دی گئی۔

تین بار ملتوی ہونے کے بعد جیسے ہی ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو اپوزیشن اراکین نے نعرے بازی شروع کر دی۔ ہنگامے کے درمیان وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے ایوان میں بیان دیا۔

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے اراکین سے بجٹ پر بحث کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام نے آپ کو منتخب کیا ہے۔ بجٹ پر اہم بحث ہو سکتی ہے۔ آپ مالی معاملات پر اپنے خیالات کا اظہار کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے علاقے کی ترقی کی بات کر سکتے ہیں۔ بجٹ کے ذریعے سماجی اور معاشی تبدیلیاں کیسے لائی جا سکتی ہیں اس بارے میں تجاویز پیش کر سکتے ہیں۔ آپ بحث نہیں کرنا چاہتے۔ اسپیکر کی درخواست پر بھی جب ہنگامہ نہ رکا تو ایوان کی کارروائی دن بھر کے لیے ملتوی کر دی گئی۔

اس سے پہلے جیسے ہی پریزائیڈنگ آفیسر دلیپ سائکیا نے دو بار ملتوی ہونے کے بعد دوپہر دو بجے ایوان کی کارروائی شروع کی تو اپوزیشن جماعتوں کے اراکین نے ہنگامہ آرائی شروع کر دی۔ انہوں نے اراکین سے ہنگامہ آرائی نہ کرنے کی اپیل کی لیکن کسی نے ان کی بات نہیں سنی۔

پارلیمانی امور کے وزیر مملکت ارجن رام میگھوال نے اراکین سے گزارش کی کہ وہ بجٹ پر بحث کی اجازت دیں کیونکہ وزیر خارجہ ایس جے شنکر سہ پہر 3.30 بجے اس معاملے پر بیان دینے والے ہیں جس پر وہ ہنگامہ کر رہے ہیں، لیکن اراکین نے ان کی بات نہیں سنی اور ہنگامہ آرائی جاری رکھی، جس کے بعد پریزائیڈنگ آفیسر نے ایوان کی کارروائی سہ پہر 3:20 بجے تک ملتوی کر دی۔

ایک بار کارروائی ملتوی ہونے کے بعد دوپہر 12 بجے جیسے ہی دوبارہ ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو اراکین نے پہلے کی طرح شور مچانا شروع کر دیا۔ اس پر مسٹر سائکیا نے شور شرابے کے درمیان ضروری دستاویزات ایوان کی میز پر رکھے اور اپوزیشن اراکین سے ایوان کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلانے میں تعاون کی اپیل کی لیکن اس کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا اپوزیشن اراکین ایوان نہیں چلانا چاہتے جس پر نعرے بازی ہوتی رہی۔ اس پر مسٹر سائکیا نے ایوان کی کارروائی 2 بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔

صبح گیارہ بجے بھی ہنگامہ آرائی ہوئی اور جیسے ہی ایوان کا اجلاس شروع ہوا اپوزیشن اراکین نے اپنی نشست پر کھڑے ہو کر زبردست نعرے بازی شروع کر دی اور امریکہ سے جبراً ڈی پورٹ کئے جانے والے ہندوستانیوں کے معاملے پر نعرے بازی شروع کر دی۔ ہنگامہ آرائی کے درمیان لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے وقفہ سوالات کے لیے ترنمول کانگریس کے کیرتی جھا آزاد کا نام لیا اور شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے جواب دینا شروع کیا، لیکن اس دوران ہنگامہ اور بڑھ گیا۔ اسپیکر نے کہا کہ آپ کے تحفظات حکومت کے نوٹس میں ہیں۔ یہ خارجہ پالیسی کا معاملہ ہے۔ یہ کسی اور ملک کا معاملہ ہے اور حکومت کے علم میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقفہ سوال ایک اہم وقت ہے۔ بڑی مشکل سے سوال پوچھے جاتے ہیں۔ منصوبہ بند طریقے سے ایوان میں خلل ڈالنا مناسب نہیں ہے۔ مسٹر برلا کی بار بار درخواست کے باوجود ہنگامہ ختم نہیں ہوا جس کی وجہ سے ایوان کی کارروائی دوپہر 12 بجے تک ملتوی کر دی گئی۔

## پہلے شوہر سے الگ ہو چکی خاتون کو دوسرے شوہر سے گزارہ بھتہ مانگنے کا حق: سپریم کورٹ

نئی دہلی، 6 ؍ فروری: سپریم کورٹ نے شوہر سے الگ ہونے کے بعد بیوی کے گزارہ بھتہ کو لے کر ایک بڑا فیصلہ سنایا ہے۔ عدالت کا کہنا ہے کہ ایک خاتون دوسرے شوہر سے بھی گزارہ بھتہ پانے کی حقدار ہے، بھلے ہی ان کی پہلی شادی قانونی طور پر ختم نہ ہوئی ہو۔ عدالت عظمیٰ کا کہنا ہے کہ اگر خاتون اور پہلا شوہر اتفاق سے الگ ہوئے ہیں تو قانونی طلاق نہیں ہونا اسے دوسرے شوہر سے گزارہ مانگنے سے نہیں روکتا ہے۔ تلنگانہ ہائی کورٹ نے حکم جاری کیا تھا جس میں سی آر پی سی کی دفعہ 125 کے تحت خاتون کو دوسرے شوہر سے گزارہ بھتہ ملنے سے اس لیے انکار کر دیا تھا، کیونکہ انہوں نے پہلے شوہر سے شادی کو قانونی طور سے ختم نہیں کیا تھا۔ اب سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کے حکم کے خلاف خاتون کی اپیل کو قبول کر لیا ہے۔ جسٹس بی وی ناگرتنا اور جسٹس ستیش چندر شرما کی بنچ معاملے کی سماعت کر رہی تھی۔

عدالت نے کہا، "یاد رکھیں کہ سی آر پی سی کی دفعہ 125 کے تحت گزارہ کا حق بیوی کو ملنے والا فائدہ نہیں ہے بلکہ شوہر کی قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔" دراصل اپیل کنندہ خاتون نے پہلے شوہر کو رسمی طور پر طلاق دیے بغیر دوسرے مرد اور اس معاملے میں مدعا علیہ سے شادی کر لی تھی۔ مدعا علیہ کو خاتون کی پہلی شادی کے بارے میں پتہ تھا۔ دونوں ساتھ رہے اور ایک بچہ بھی ہوا، لیکن اختلاف کی وجہ سے دونوں الگ ہو گئے۔ اس کے بعد خاتون نے سی آر پی سی کی دفعہ 125 کے تحت گزارہ کا مطالبہ کیا تھا، جسے فیملی کورٹ نے قبول کر لیا تھا۔ بعد میں ہائی کورٹ نے فیملی کورٹ کے حکم کو منسوخ کر دیا۔ کیونکہ پہلی شادی قانونی طور پر ختم نہیں ہوئی تھی۔ مدعا علیہ کا جواز ہے کہ خاتون کو اس کی بیوی نہیں مانا جا سکتا کیونکہ اس نے پہلے شوہر کے ساتھ شادی قانونی طور پر ختم نہیں کی ہے۔ اب سپریم کورٹ کا کہنا ہے کہ جب مدعا علیہ (دوسرے شوہر) کو خاتون کی پہلی شادی کے بارے میں پتہ تھا تو ایسے میں وہ صرف اس لیے گزارہ دینے سے انکار نہیں کر سکتا ہے کیونکہ خاتون کی پہلی شادی قانونی طور پر ختم نہیں ہوئی ہے۔ عدالت نے دو باتوں پر زور دیا، پہلا یہ معاملہ مدعا علیہ کا نہیں ہے کہ اس سے سچ چھپایا گیا تھا۔ فیملی کورٹ نے صاف طور پر کہا تھا کہ مدعا علیہ کو پہلی شادی کی پوری جانکاری تھی۔ مدعا علیہ نے اپیل کنندہ 1 کے ساتھ سب جانتے ہوئے ایک نہیں بلکہ 2 بار شادی کی۔ عدالت نے کہا، دوسرا، "اپیل کنندہ 1 نے اس عدالت کے سامنے پہلے شوہر سے الگ ہونے کا ایم او یو پیش کیا ہے۔ یہ طلاق کا قانونی ثبوت نہیں، لیکن اس دستاویز اور دیگر ثبوتوں سے پتہ چلتا ہے کہ دونوں فریق نے تعلق ختم کر لیے ہیں اور الگ رہ رہے ہیں۔ ساتھ ہی اپیل کنندہ 1 پہلے شوہر سے گزارہ نہیں مانگ رہی ہے۔ ایسے میں اپیل کنندہ قانونی دستاویز کی غیر موجودگی میں پہلے شوہر سے الگ ہو چکی ہے اور اس شادی سے اسے کوئی حق نہیں مل رہا ہے۔"

## اُناؤ: مہا کمبھ سے لوٹ رہے عقیدت مندوں کی جیپ حادثہ کی شکار، باپ-بیٹی کی موت، 10 شدید زخمی

اُناؤ 6 ؍ فروری: کانپور-لکھنؤ ہائی وے پر اجگین علاقے میں جمعرات کی صبح تقریباً ساڑھے چھ بجے ایک سڑک حادثہ پیش آیا۔ کمبھ اسنان کر کے لوٹ رہی عقیدت مندوں سے بھری ایک مارشل جیپ آگے چل رہی روڈویز بس سے ٹکرا گئی جس میں باپ-بیٹی کی موت ہو گئی جبکہ 10 افراد شدید طور پر زخمی ہو گئے۔ حادثے کے بعد لوگوں میں چیخ و پکار مچ گئی۔ 20 منٹ بعد موقع پر پہنچی پولیس نے جیپ میں پھنسے لوگوں کو باہر نکال کر سی ایچ سی پہنچایا۔ اس واقعہ کے بعد تقریباً ایک گھنٹہ ہائی وے جام رہا۔ ذرائع کے مطابق مدھیہ پردیش کے ایشا گڑھ وشیو پوری کے 12 عقیدت مند مارشل جیپ سے یکم فروری کو کمبھ اسنان کے لیے پہنچے تھے۔ اسنان کے بعد سبھی وارانسی کاشی وشوناتھ پھر ایودھیا کے بعد چترکوٹ جا رہے تھے۔ اجگین علاقے میں چرولی گاؤں کے سامنے جیپ آگے چل رہی مہوبا ڈپو کی روڈویز بس میں پیچھے سے ٹکرا گئی۔ ٹکر اتنی تیز تھی کہ دو عقیدت مند 55 سالہ سریش تیواری اور ان کی 30 سالہ بیٹی رادھا دیاس (شوہر کپل دیاس) کی موقع پر موت ہو گئی۔ بتایا جاتا ہے کہ ڈرائیور کو جھپکی آ گئی تھی جس کے سبب گاڑی پر سے اس کا کنٹرول چھوٹ گیا اور یہ حادثہ پیش آ گیا۔ حادثے میں سریش تیواری کی اہلیہ سمیت 10 افراد زخمی ہوئے ہیں جنہیں سی ایچ سی سے لے جایا گیا، پھر وہاں سے 2 لوگوں کو ضلع اسپتال ریفر کر دیا گیا۔ دیگر زخمیوں کی حالت مستحکم ہے۔ سی او حسن گنج سنتوش سنگھ نے اسپتال میں پہنچ کر زخمیوں کے احوال دریافت کیے۔ زخمیوں میں وملا سنگھ، پرمان سنگھ، بھگوتی، ستیش، رانی، انش، انیکا، ڈرائیور شیوا، اوم وتی سشما بھارگو کے نام شامل ہیں۔ وہیں پولیس نے دوسری گاڑی سے دیگر مسافروں کو ان کی منزلوں تک پہنچانے کا انتظام کیا۔

## تاریخ میں آج کا دن

نئی دہلی، 6 فروری (یو این آئی) ہندستان اور عالمی تاریخ کے اہم اور مختصر واقعات اس طرح ہیں۔

1238۔ منگولوں نے روسی شہر بلادیمیر کو جلا ڈالا۔

1478۔ انگلینڈ کے شاہ بینچ جج کے بیٹے اور مشہور رائٹر سر تھامس مور کی پیدائش ہوئی تھی۔

1795۔ امریکہ میں گیارہویں آئینی ترمیم منظور کیا گیا تھا۔

1831۔ یوروپی ملک بیلجیئم نے قانون اپنایا۔



1856۔ ایسٹ انڈیا کمپنی نے اودھ کے نواب واجد علی شاہ کو تخت چھوڑنے پر مجبور کیا اور پھر ان کی ریاست ہڑپ لی۔

1900 ۔ برطانیہ میں لیبر پارٹی کا قیام عمل میں آیا تھا۔

1904۔ امریکہ کے بالٹمور میں زبردست آگ لگنے سے 1500 عمارتیں جل کر خاکستر۔

1924۔ اٹلی کے ڈکٹیٹر مسولینی حکومت نے سوویت یونین سے ایک دوسرے کے سفارت کا تبادلہ کیا تھا۔

1940۔ برطانیہ میں ریلوے کو قومیایا گیا۔

1944۔ جرمنی نے اٹلی کے انجیو علاقہ میں جوابی حملے کئے۔

1947۔ عرب اور یہودیوں نے فلسطین کو تقسیم کرنے کے برطانیہ کی تجویز کو مسترد کیا۔

1947۔ فلسطین کو تقسیم کرنے کے برطانوی فارمولے کو عرب اور یہودیوں نے مسترد کر دیا تھا۔

1959۔ فیڈل کاسترو نے کیوبا کے نئے آئین کا اعلان کیا۔

1965۔ امریکہ نے شمالی ویتنام میں مسلسل فضائی حملے شروع کئے۔

1962۔ امریکہ نے کیوبا سے درآمد اور برآمد پر پابندی لگا دی۔

1968۔ کناڈا میں دس صوبوں کے سربراہ فرنچ کو انگریزی زبان کے مساوی درجہ دینے کے لئے نئے آئین کے مسودے تیار کرنے کے لئے رضامند ہوئے۔

1969۔ الفتح کے رہنما یاسر عرفات فلسطینی تنظیم آزادی (پی ایل او) کے صدر بنے۔

1971۔ ایک عوامی رائے شماری میں سوئٹزرلینڈ کے شہریوں نے خواتین کو ووٹ دینے کے اختیار کے حق میں ووٹنگ کی تھی۔

1974 گریناڈا کو برطانیہ کی غلامی سے آزادی ملی۔

1983 کلکتہ میں ایسٹرن نیوز ایجنسی کا قیام۔

1984۔ امریکی خلاء باز بروس میک کنڈلیس خلاء میں ٹہلنے والے پہلے انسان بنے تھے۔

1990۔ سوویت کمیونسٹ پارٹی کی قیادت نے ملک میں کثیر جمہوری نظام کے قیام کے لئے 70 (ستر) سے قابض اقتدار کو چھوڑنے کے لئے راضی ہوئی۔

1991۔ امریکہ کے وزیر دفاع ڈک چینی اور جنرل کولن پاویل چیرمین آف دی جوائنٹ چیف آف اسٹاف خلیجی جنگ سے متاثر خطہ کا معائنہ کے لئے روانہ ہوئے تھے۔

1992۔ یوروپی برادری کے وزراء خارجہ نے یوروپی یونین کے ماچسٹر سمجھوتہ پر سمجھوتہ کیا تھا۔

1992۔ ملک میں بنی پہلی آبدوز آئی این ایس شالکی بحریہ میں شامل ہوئی۔

1995۔ یوسف رمزی، جس پر ورلڈ ٹریڈ سنٹر پر بمباری کا الزام تھا، اسلام آباد واپس آیا۔

1998۔ ونٹر اولمپک کھیل جاپان کے شہر ناگانو میں شروع ہوا تھا۔

1999۔ اردن کے بادشاہ شاہ حسین کا کینسر کے مرض میں موت ہوئی تھی۔

1999۔ ہندوستانی لیگ اسپنر انل کمبلے پاکستان کے خلاف دہلی میں کھیلے گئے دوسرے ٹسٹ میں سبھی دس وکٹ لے کر انگلینڈ کے جے سی لیکر کے بعد ٹسٹ کرکٹ کی تاریخ میں ایک پاری میں سبھی دس وکٹ لینے والے دوسرے گیند باز بنے۔

1999۔ شہزادہ عبداللہ اپنے والد شاہ حسین کے بعد اردن کے شاہ بنے۔

2000۔ اسرائیلی جیٹ لڑاکا طیارہ نے لبنان کے بعلبک شہر، حزب اللہ ہیڈکوارٹر اور تریپولی پر حملہ کیا تھا جس کی وجہ شہر اندھیرے میں ڈوب گیا اور اس میں 18 شہری زخمی ہو گئے تھے۔

2000۔ اقوام متحدہ کے سلامتی کونسل نے سیرالیون میں تعینات امن فوج کی تعداد میں اضافہ اضافہ کیا تھا۔

2001۔ فوجیوں کی تعداد چھ ہزار سے بڑھا کر گیارہ ہزار ایک سو کر دی گئی۔ اقوام متحدہ کا امریکہ پر بقایہ 582 ملین ڈالر امریکی سینیٹ کے ووٹ دینے کے بعد جاری کیا گیا۔



2001۔ اسرائیل کے وزیر اعظم یہود براک کو انتخابات میں شکست، ایریئل شیرون نئے وزیر اعظم منتخب۔

2009۔ صدر پرتبھا دیوی پاٹل کو مہاراشٹر کے گورنر ایس سی ضمیر نے ڈی لٹ کی ڈگری سے نوازا۔

2009 آسٹریلیا میں وکٹوریہ جزیرے کے جنگل میں لگی بھیانک آگ میں 173 لوگوں کی موت۔

## جنوری میں ٹرکوں کے کرائے میں اضافہ، مہنگائی میں مزید اضافے کے امکانات



نئی دہلی، 6 ؍ فروری: جنوری 2025 میں مال ڈھلائی کی لاگت میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا، جس کے نتیجے میں مہنگائی میں مزید اضافے کے امکانات پیدا ہو گئے ہیں۔ ٹرکوں کے کرایوں میں اوسطاً 4 فیصد اضافہ ہوا ہے، جس کا اثر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر پڑنے کا خدشہ ہے۔ ایک تازہ رپورٹ کے مطابق، ملک کے چند بڑے تجارتی راستوں پر ٹرانسپورٹیشن لاگت میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ خاص طور پر دہلی-ممبئی-دہلی روٹ پر کرائے میں 4 فیصد، ممبئی-کلکتہ-ممبئی پر 3.7 فیصد، دہلی-حیدرآباد-دہلی اور کلکتہ-گواہاٹی-کلکتہ روٹ پر 3.3 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

ٹرانسپورٹ سیکٹر میں اس اضافے کا ایک بڑا سبب سردیوں میں پیدا ہونے والے پھلوں اور سبزیوں کی مارکیٹ میں آمد ہے، جس کے باعث نقل و حمل کی طلب میں اضافہ ہوا۔ اس کے علاوہ، ملک میں جاری سرد لہر نے سپلائی چین پر بھی اثر ڈالا ہے، جس کی وجہ سے گاڑیوں کی آمد و رفت متاثر ہوئی اور قیمتوں میں مزید اضافہ ہوا۔ شریرام فنانس کے مطابق، جنوری تا مارچ سہ ماہی عام طور پر مصروف ترین رہتی ہے، کیونکہ ربیع کی فصل کے بعد زرعی سرگرمیاں بڑھ جاتی ہیں اور مینوفیکچرنگ سیکٹر میں بھی تیزی آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس عرصے میں نہ صرف ٹرکوں کے کرایے بڑھے بلکہ دیگر تجارتی گاڑیوں کی فروخت میں بھی اضافہ دیکھا گیا۔

اعداد و شمار کے مطابق، جنوری میں کمرشل وہیکلز کی فروخت میں 41 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ تھری وہیلرز (کارگو) اور مسافر بسوں کی فروخت میں 32 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ، میکسی کیبز کی فروخت میں 59 فیصد اور زرعی ٹریلرز کی فروخت میں 15 فیصد اضافہ ہوا۔ دوسری جانب، نجی گاڑیوں کی فروخت میں بھی نمایاں اضافہ دیکھا گیا۔ موٹر کارز کی فروخت میں 54 فیصد جبکہ دو پہیہ گاڑیوں کی فروخت میں 27 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ برقی گاڑیوں (ای وی) کے شعبے میں بھی ترقی دیکھی گئی، جہاں برقی دو پہیہ گاڑیوں کی فروخت میں 21 فیصد اور برقی کاروں کی فروخت میں 16 فیصد اضافہ ہوا۔

شریرام فنانس لمیٹڈ کے مینیجنگ ڈائریکٹر وائی ایس چکرورتی نے کہا کہ ٹرک کرایوں میں اضافہ لاجسٹکس انڈسٹری کے لیے مثبت اشارہ ہے۔ ان کے مطابق، اس اضافے کی بڑی وجہ سردیوں کے پھلوں اور سبزیوں کی ترسیل ہے، جس سے ٹرانسپورٹ اور اسٹوریج سروسز کی طلب میں اضافہ ہوا۔ تاہم، انہوں نے یہ بھی کہا کہ ملک کے مختلف حصوں میں جاری شدید سردی نے گاڑیوں کی نقل و حرکت پر منفی اثر ڈالا ہے، جس سے سپلائی چین میں رکاوٹیں پیدا ہوئی ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر ٹرانسپورٹیشن لاگت میں مزید اضافہ ہوا تو آئندہ مہینوں میں مہنگائی میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔ عوامی سطح پر اس کا اثر اشیائے خورد و نوش سمیت دیگر مصنوعات کی قیمتوں پر بھی پڑے گا، جس سے عام شہریوں کے بجٹ پر بوجھ بڑھے گا۔

## کال تین پیسے فی منٹ اور ڈیٹا 9.70 روپے فی جی بی: سندھیا

نئی دہلی، 06 فروری (یو این آئی) مواصلات کے وزیر جیوترادتیہ سندھیا نے آج راجیہ سبھا میں بتایا کہ ٹیلی کام کمپنیوں نے 5 جی خدمات کے لئے 4.50 لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے اور اس سرمایہ کاری کی تلافی کے لئے ٹیلی کام ٹیرف میں 10 فیصد اضافہ کرنے کے باوجود، ہندوستان اب بھی دنیا میں سب سے سستی ٹیلی کام خدمات فراہم کر رہا ہے۔ وقفہ سوالات کے دوران کانگریس کے رندیپ سنگھ سرجے والا کے ایک ضمنی سوال کے جواب میں مسٹر سندھیا نے کہا کہ 2014 میں ایک منٹ کی کال کی اوسط قیمت 50 پیسے تھی، جب کہ 2025 میں یہ 94 فیصد کم ہو کر تین پیسے فی منٹ پر آ جائے گی۔ اسی طرح سال 2014 میں ایک جی بی ڈیٹا کی قیمت 270 روپے تھی جب کہ 2025 میں یہ 93 فیصد کم ہو کر 9.70 روپے فی جی بی ہو جائے گی۔ مسٹر سرجے والا نے سوال کیا تھا کہ ٹیلی کام کمپنیوں نے ٹیرف بڑھا کر صارفین پر 38 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا بوجھ ڈال دیا ہے۔ مسٹر سندھیا نے کہا کہ پچھلے 10 برسوں میں وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں مواصلات کے شعبے میں بڑی تبدیلی آئی ہے۔ ٹیلی کام کمپنیوں نے ریکارڈ 22 ماہ میں ملک کے 98 فیصد اضلاع اور 82 فیصد آبادی کو 5 جی کوریج کے تحت لایا ہے۔ اس کے لیے کمپنیوں نے 4.50 لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ کمپنیاں بھی اپنی سرمایہ کاری پر منافع چاہتی ہیں۔ اس کے لیے ٹیرف میں 10 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ اس سے صارفین پر بڑا بوجھ نہیں پڑے گا۔ ایک دیگر سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ قبائلی اکثریتی علاقوں میں 2590 دیہاتوں کی نشاندہی کی گئی ہے جہاں ٹیلی کام خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ اس کے لیے 15 ریاستوں میں 1716 ٹاور لگائے جا رہے ہیں۔ 901 گاؤں میں ٹاور لگائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جھارکھنڈ میں بھی کچھ علاقوں میں ٹاور لگائے جا رہے ہیں لیکن ریاستی حکومت کا پورا تعاون نہیں مل رہا ہے۔ ریاستی حکومت ٹاور کے قیام کے لیے زمین فراہم کرنے میں بھی تاخیر کر رہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ دور دراز، پہاڑی اور جنگلاتی علاقوں میں ٹاورز لگانا مشکل ہے۔

## پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں

نئی دہلی، 6 فروری (یو این آئی) بین الاقوامی سطح پر خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ کی واپسی کے باوجود گھریلو سطح پر پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں آج کوئی تبدیلی نہیں ہوئی جس کی وجہ سے دہلی میں پٹرول 94.72 روپے فی لیٹر اور ڈیزل 87.62 روپے فی لیٹر رہا۔ تیل کی مارکیٹنگ کرنے والی معروف کمپنی ہندوستان پیٹرولیم کارپوریشن کی ویب سائٹ پر جاری کردہ نرخوں کے مطابق آج ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ ممبئی میں پٹرول 104.21 روپے فی لیٹر اور ڈیزل 92.15 روپے فی لیٹر پر رہا، دہلی میں ان کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ عالمی سطح پر امریکی خام تیل ہفتے کے آخر میں 0.44 فیصد بڑھ کر 71.34 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گیا۔ اسی طرح لندن برینٹ کروڈ کی قیمت 0.34 فیصد اضافے کے ساتھ 74.86 ڈالر فی بیرل ہو گئی۔

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Friday, 7th February, 2025

روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
جمعہ، ۷/ فروری ۲۰۲۵ء




# گل، ایئر اور پٹیل کی نصف سنچریوں کی بدولت

## انڈیا نے پہلے ون ڈے میں انگلینڈ کو چار وکٹوں سے ہرایا



ناگپور6فروری: شریاس ایئر، شبھمن گل اوراکشر پٹیل کی نصف سنچری کی بدولت انڈیا نے پہلے ون ڈے میں انگلینڈ کو4وکٹوں سے شکست دیدی۔انگلینڈ کی ٹیم47.4اوور میں248رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔انڈیا کی طرف سے روہت شرما2رن، لیشوسوی جیسوال15، شبھمن گل87،شریاس ایئر59اوراکشر پٹیل52رن پرآؤٹ ہوگئے۔آخر میں ہاردک پانڈیااور رویندر جڈیجہ نے ٹیم انڈیا کو کامیاب بنایا اور انڈیا نے پہلا ون ڈے انٹرنیشنل چاروکٹوں سے جیت لیا۔ثاقب محمود نے2، عادل رشید نے2وکٹ حاصل کئے۔انڈیا نے4وکٹوں سے فتح درج کر کے جیت کی شروعات کی اور شاندار طریقے سے کامیابی حاصل کی۔اس سے پہلے ٹی-20سیریز جیتا تھا۔

# 8فروری کو آئی ایس ایل میں دو کمزور ترین ٹیموں کے درمیان مقابلہ

## محمڈن نے18/11اور حیدرآباد نے18/13پوائنٹ بنائے،اب برتر کون؟



کولکاتا، 6/فروری : محمڈن اسپورٹنگ نے اپنے آئی ایس ایل کے19ویں راؤنڈ کے میچ میں8فروری کو حیدرآباد ایف سی سے مقابل ہوگی اور یہ میچ کولکاتا میں شام5.30بجے شام سے کھیلا جائے گا۔محمڈن اور حیدرآباد کے درمیان اس میچ کو اس طور پر لیا جاسکتا ہے کہ محمڈن نے18میچوں میں11اور حیدر آباد نے 18 میچوں میں 13 پوائنٹ بنائے ہیں۔ حیدر آباد نے3میچ جیتے ، محمڈن نے2، حیدرآباد نے4میچ ڈرا کئے محمڈن نے 5، دونوں 11 میچوں میں مغلوب ہوئے، حیدر آباد نے16 گول اسکور کئے ،37 گول کھائے۔محمڈن نے 8 گول اسکور کئے، 31 گول کھائے۔ حیدرآباد نے صرف2پوائنٹ سے لیڈلیکر ہے اور13ٹیم گروپ میں حیدر آباد کی پوزیشن 12 اور محمڈن کی پوزیشن آخری یعنی 13 ہے۔ یعنی 8فروری سینچر کو شام5.30بجے جو میچ کھیلا جائے گا وہ آئی ایس ایل کی دو کمزور ترین ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ اس میچ میں بھی محمڈن اگر پوائنٹ گنواتی ہے یا مکمل طور پر شکست کھاکر تین پوائنٹ گنواتی ہے تو پھر کچھ کہنا بیکار ہوگا۔حیدرآباد ایف سی کے بعد16فروری کو محمڈن کا میچ ایسٹ بنگال کے ساتھ ہوگا۔پھر20فروری کو جمشید پور ایف سی اور28فروری کو اڈیشہ ایف سی ، اس طرح سے لگاتار چار میچز بس یونہی کھیلے جائیں گے اور اگلی چار ٹیمیں اچھی تو ہیں مگر قابل تسخیر بھی ہیں اور محمڈن ان چار میچوں میں8پوائنٹ بھی حاصل کرے تو اس کی پوزیشن بہتر ہوسکتی ہے۔لیکن اس کے لئے محمڈن کے کوچ معراج الدین واڈو کو چاہئے کہ وہ ٹیم کے فارورڈوں کو بتائیں کے میدان میں گول پوسٹ کس طرح ہے اور وہ گول پوسٹ میں نشانے لگائیں لیکن گزشتہ18میچوں میں تو یہی دیکھا گیا ہے کہ گول پوسٹ بالکل سیدھ میں ہے اور فرینکا ، الیکسیز ، قاسموف ، ارشاد، ایم سانگا وغیرہ شمال اور جنوب کی طرف شاٹ لگارہے ہیں۔محمڈن کے ان شہرہ آفاق کھلاڑیوں نے بیشتر میچوں میں اس انداز میں پوائنٹ ضائع کئے کہ حیرت ہونے لگی ہے۔

# ہرشیت رانا کے نام جڑا شرمناک ریکارڈ
## ونڈے ڈیبیو میچ کے ایک اوور میں لٹادیئے 26رن

ناگپور،7فروری( آئی این ایس انڈیا): بھارت اور انگلینڈ کے درمیان پہلا ون ڈے میچ ناگپور میں کھیلا جارہا ہے جس میں ہرشیت رانا کو ڈیبیو کا موقع ملا۔کیریئر کے پہلے ہی ون ڈے میچ میں ان کے نام ایک شرمناک ریکارڈ جڑ گیا ہے۔یہ بدقسمت ریکارڈ اس اوور سے متعلق ہے جس میں ہرشیت نے ایک ہی اوور میں26رنز دیے تھے۔وائٹ بال کرکٹ میں کئی مواقع پر بولرز نے ایک اوور میں30سے زیادہ رنز دے چکے ہیں۔لیکن ہرشیت کا یہ ریکارڈ شرمناک ہے کیونکہ انہوں نے ون ڈے ڈیبیو میچ میں کسی بھی ہندوستانی گیند باز کے ایک اوور میں سب سے زیادہ رنز لٹائے ہیں۔ایسا انگلینڈ کی اننگز کے چھٹے اوور میں پیش آیا۔جب ہرشیت بولنگ کرنے آئے تو اوور کی پہلی ہی گیند پر فل سالٹ نے چھکا لگایا۔ان کی مشکلات ابھی ختم ہونے والی تھیں کہ سالٹ نے اگلی تین گیندوں پر دو چوکے اور ایک چھکا لگادیا۔ ہرشیت نے اوور کی پہلی چار گیندوں پر20رنز لٹائے۔ پانچویں گیند پر کوئی رن نہیں تھا؛ لیکن سالٹ نے بھی چھکا لگاکر اوور کا خاتمہ کیا۔اس طرح سالٹ نے ڈیبیو کرنے والے ہرشیت رانا کے ایک ہی اوور میں26رنز بنائے۔ون ڈے میچوں میں سب سے مہنگے اوورز کرنے والے ہندوستانی گیند بازوں کی فہرست دیکھیں تو پہلے نمبر پر یوراج سنگھ اور ایشانت شرما ہیں۔یوراج اور ایشانت نے بالترتیب2007اور2014میں ایک وَنڈے کے ایک ہی اوور میں30رنز دیئے تھے۔جبکہ سال2021 میں انگلینڈ کے بین اسٹوکس نے کرونل پانڈیا کے اوور میں28رنز بنائے۔سال1981میں روی شاستری کے اوور میں26رنز بنے۔اب اس فہرست میں ہرشیت رانا کا نام بھی شامل ہوگیا ہے۔انہوں نے سال رواں انگلینڈ کیخلاف ون ڈے میچ میں26رنز لٹائے ہیں۔ہرشیت رانا نے سات اور میں53رن خرچ کر کے تین وکٹ حاصل کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔تادم تحریر انگلینڈ نے47اور میں ہی اپنا تمام وکٹ گنوادیا۔مجموعی طور پر انگلینڈ نے248رن کاہدف دیا ہے۔ہرشیت رانا اور رویندر جڈیجہ نے بالترتیب3-3وکٹ حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔

# ہوم گراؤنڈ پر ٹیم انڈیا 40 سالوں سے انگلینڈ کیخلاف ونڈے سیریزمیں حاوی رہی

نئی دہلی،7فروری( آئی این ایس انڈیا):ہندوستان اور انگلینڈ کے درمیان تین میچوں کی ونڈے سیریز کا آغاز آج جمعرات،6فروری سے ہوگیا۔سیریز کا پہلا میچ ناگپور میں کھیلا جارہا ہے۔واضح ہو کہ انگلینڈ نے تقریباً40سال پہلے ہندوستانی سرزمین پر آخری ونڈے سیریز جیتی تھی۔اب ٹیم انڈیا کے پاس اس ریکارڈ کو برقرار رکھنے کی ذمہ داری ہوگی جو گزشتہ4دہائیوں سے چل رہا ہے۔انگلینڈ نے آخری بار ہندوستان کیخلاف1984-85میں ہندوستانی سرزمین پر ون ڈے سیریز جیتی تھی۔اس سیریز میں کل5ونڈے کھیلے گئے جس میں انگلینڈ نے4-1سے کامیابی حاصل کی۔ہندوستان اور انگلینڈ کے درمیان اب تک کل107ونڈے کھیلے جاچکے ہیں۔ان میچوں میں ٹیم انڈیا نے58جیتے ہیں جب کہ انگلینڈ نے44میچ جیتے ہیں۔دونوں کے درمیان3میچ بے نتیجہ رہے اور2ون ڈے ٹائی پر ختم ہوئے۔بھارت اور انگلینڈ کے درمیان اب تک کل20ونڈے سیریز کھیلی جاچکی ہیں۔ٹیم انڈیا نے20میں سے11سیریز جیتی ہیں جبکہ انگلینڈ نے7سیریز جیتی ہیں۔جبکہ2سیریز برابری پر ختم ہوئیں۔غور طلب ہے کہ انگلینڈ کیخلاف کھیلی جانے والی ون ڈے سیریز چیمپئنز ٹرافی2025سے قبل ٹیم انڈیا کے فارمیٹ کی آخری سیریز ہوگی۔یہ سلسلہ6فروری سے شروع ہورہا ہے،اس کے بعد سیریز کا دوسرا میچ9فروری اور تیسرا میچ12فروری کو کھیلا جائے گا۔

# آسٹریلیا کو لگا بڑا دھچکا، ایک ہی دن 3 بڑے کھلاڑی چیمپئنز ٹرافی سے باہر

ملبورن،7فروری( آئی این ایس انڈیا): آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز اور فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی2025سے باہر ہوگئے جب کہ آل راؤنڈر مارکس اسٹوئنیس نے آج اچانک ونڈے کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر کے سب کو حیران کردیا۔اس سے قبل آل راؤنڈر مچل مارش فٹنس مسائل کے باعث پہلے ہی ٹیم سے باہر ہوچکے ہیں۔آسٹریلیا نے بھی باضابطہ طور پر اعلان کیا کہ کپتان پیٹ کمنز اور فاسٹ باؤلر جوش ہیزل ووڈ کو آئندہ چیمپئنز ٹرافی اور سری لنکا کیخلاف دو ون ڈے میچوں کے لیے ٹیم سے باہر کردیا گیا ہے۔آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کے چیف سلیکٹر جارج بیلی نے ایک بیان میں کہا کہ بدقسمتی سے پیٹ کمنز، جوش ہیزل ووڈ اور مچل مارش کچھ انجریز سے نبرد آزما ہیں اور چیمپئنز ٹرافی کے لیے وقت پر مکمل فٹنس حاصل نہیں کرسکے، اگرچہ یہ مایوس کن ہے، لیکن یہ دوسرے کھلاڑیوں کے لیے عالمی مقابلوں میں آسٹریلیا کے لیے پرفارم کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔واضح ہو کہ اب آسٹریلیا کو چیمپئنز ٹرافی کے لیے اپنی ابتدائی ٹیم میں4تبدیلیاں کرنا ہوں گی۔پیٹ کمنز ابھی تک ٹخنے کی انجری سے صحت یاب نہیں ہوسکے ہیں، جبکہ جوش ہیزل بھی انجری کا شکار ہیں۔دونوں آسٹریلوی فاسٹ باؤلرز کو مکمل فٹ ہونے کے لیے وقت درکار ہے۔دوسری جانب مارکس اسٹوئنس نے حیران کن طور پر ونڈے سے ریٹائرمنٹ لے کر ٹی ٹوئنٹی کرکٹ پر توجہ مرکوز کرلی ہے۔اس حوالے سے کرکٹ آسٹریلیا کا کہنا ہے کہ مارکس اسٹوئنس ٹی ٹوئنٹی سلیکشن کے لیے دستیاب ہوں گے۔مارکس سٹوئنس چیمپئنز ٹرافی کے لیے آسٹریلوی ٹیم کا حصہ تھے،ان کی جگہ اب ایک اور کھلاڑی کو چیمپئنز ٹرافی کے لیے ٹیم میں شامل کیا جائے گا۔کرکٹ آسٹریلیا کا کہنا ہے کہ قومی سلیکشن پینل چیمپئنز ٹرافی کے اسکواڈ کو سری لنکا کیخلاف ٹیسٹ سیریز کے اختتام پر حتمی شکل دے گا۔ٹیموں کے پاس ٹورنامنٹ کے لیے15کھلاڑیوں کا حتمی سکواڈ آئی سی سی کو جمع کرانے کے لیے12فروری تک کا وقت ہے۔آسٹریلیا کو2025کی چیمپئنز ٹرافی کے گروپ بی میں افغانستان، انگلینڈ اور جنوبی افریقہ کے ساتھ رکھا گیا ہے۔پاکستان کی میزبانی میں ہونے والا یہ ٹورنامنٹ19فروری کو کراچی کے نیشنل اسٹیڈیم میں شروع ہوگا جہاں افتتاحی میچ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان کھیلا جائے گا۔

# چیمپئنز ٹرافی سے قبل ٹیم انڈیا کو ان سوالوں کا جواب لازمی تلاش کرنا ہوگا

نئی دہلی ،7فروری ( آئی این ایس انڈیا):ٹیم انڈیا انگلینڈ کیخلاف تین میچوں کی ونڈے سیریز کھیلنے کے لیے تیار ہے۔یہ سیریز ہندوستانی ٹیم کے لیے چیمپئنز ٹرافی سے قبل اپنی حکمت عملی بنانے اور پلیئنگ 11 کو حتمی شکل دینے کا آخری موقع ہوگا۔ٹیم انڈیا کو چیمپئنز ٹرافی سے پہلے کئی اہم سوالوں کے جواب تلاش کرنے ہیں۔سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ کیا کپتان روہت شرما اور وراٹ کوہلی اپنی فارم دوبارہ حاصل کرپائیں گے؟ اس کے ساتھ ہی جسپریت بمراہ اور محمد شامی کی فٹنس بھی ٹیم کے لیے تشویش کا باعث بنی ہوئی ہے۔اگر یہ دونوں گیند باز اپنی بھرپور فارم میں نہیں آئے تو ان کی جگہ کون لے گا؟ بھارتی کپتان روہت شرما اور تجربہ کار بلے باز وراٹ کوہلی خراب فارم سے نبرد آزما ہیں۔T20ورلڈ کپ 2024جیتنے کے بعد، کوہلی صرف ایک سنچری اسکور کرسکے، وہیں روہت کوئی سنچری نہیں بناسکے۔ٹیسٹ کرکٹ میں بھی دونوں کی کارکردگی کمزور رہی۔یہ دونوں آسٹریلیا کے دورے پر زیادہ رنز نہ بناسکے، جبکہ رنجی ٹرافی میں بھی ان کا بلے خاموش رہا۔یہ بات تشویشناک ہے کہ یہ دونوں تجربہ کار کھلاڑی چیمپئنز ٹرافی جیسے بڑے آئی سی سی ٹورنامنٹ سے پہلے آؤٹ آف فارم ہیں۔ایسے میں یہ سیریز ان کے لیے فارم میں واپسی کا آخری موقع ہوسکتا ہے۔ہندوستانی تیز گیند باز جس پریت بمراہ اور محمد شامی اس وقت انجری سے صحت یاب ہورہے ہیں۔شامی14ماہ بعد واپس آئے اور انگلینڈ کے خلاف دو ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلے؛ لیکن وہ اپنی پرانی لے میں نظر نہیں آئے۔بمراہ آسٹریلیا کے دورے پر آخری ٹیسٹ میچ کے دوران زخمی ہوگئے تھے۔ان کی صحت یابی میں مزید وقت لگے گا جس کی وجہ سے وہ پہلے دو ون ڈے میچز نہیں کھیل سکیں گے۔اگر یہ دونوں مکمل طور پر فٹ نہیں ہوئے تو ہندوستان کا باؤلنگ اٹیک کمزور پڑسکتا ہے۔اس صورتحال میں ہاردک پانڈیا اور اسپنرز پر زیادہ دباؤ ہوسکتا ہے۔ایسے میں ٹیم انگلینڈ کیخلاف ون ڈے سیریز میں نئے آپشنز آزمانے پر بھی غور کرسکتی ہے۔ ہرشیت رانا اور ارشدیپ سنگھ کو موقع دیا جاسکتا ہے اور ان کی کارکردگی کو جانچا جا سکتا ہے۔کے ایل راہل اور رشبھ پنت دونوں ہندوستانی اسکواڈ کا حصہ ہیں۔ کے ایل راہل پچھلے ون ڈے ورلڈ کپ میں ہندوستان کے سب سے کامیاب وکٹ کیپر بلے باز تھے۔تجربے اور اعداد و شمار کے لحاظ سے راہل کا ریکارڈ بہتر ہے۔انہوں نے77ونڈے میچوں میں تقریباً50کی اوسط سے2851رنز بنائے ہیں جس میں 7سنچریاں اور18نصف سنچریاں شامل ہیں۔اس کے ساتھ ہی، رشبھ پنت نے اب تک31ونڈے کھیلے ہیں اور33.50کی اوسط سے871رنز بنائے ہیں، جس میں1سنچری اور5نصف سنچریاں شامل ہیں۔اب سوال یہ ہے کہ ٹیم انڈیا اپنی پہلی پسند وکٹ کیپر کے طور پر کس کو چنتی ہے۔اس کا جواب انگلینڈ کے خلاف ون ڈے سیریز میں کارکردگی کے بعد ہی واضح ہوگا۔نوجوان بلے باز یشسوی جیسوال کو پہلی بار ونڈے ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔انہوں نے ٹی20اور ٹیسٹ کرکٹ میں اپنی شناخت بنائی ہے؛ لیکن ابھی ون ڈے میں ڈیبیو نہیں کیا ہے۔یشسوی اس وقت اچھی فارم میں ہیں۔وہ آسٹریلیا کیخلاف ٹیسٹ سیریز میں ہندوستان کے سب سے کامیاب بلے باز بھی تھے۔تاہم پلیئنگ11میں ان کی جگہ کا فیصلہ نہیں ہوسکا ہے۔اگر یشسوی کو اپنا ونڈے ڈیبیو کرنا ہے تو ٹیم مینجمنٹ کو شبھ من گل کو باہر کرنے کا سخت فیصلہ لینا پڑسکتا ہے۔شبھ من گل کا ون ڈے میں بہترین ریکارڈ ہے،ان کی اوسط کوہلی سے بہتر ہے اور انہوں نے6سنچریوں کی مدد سے2000سے زیادہ رنز بنائے ہیں۔اگر ٹیم لیفٹ رائٹ کمبی نیشن کو ترجیح دیتی ہے اور یشسوی کو روہت شرما کے ساتھ اوپننگ کا موقع دیتی ہے تو پھر یہ فیصلہ کرنا ایک چیلنج ہوگا کہ کس کھلاڑی کو ڈراپ کیا جائے۔




Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804

پرنٹر وپبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30/چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع ۔ ایڈیٹر: پریم شنکر ، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔-(پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804